می سوخت چو مجمر اندروں عود   میشد بدماغِ مردماں دود

[1] مانندِ عود اندرونِ مجمر ۱۲

(وارفتگی پردہ نشینی کے بعد)

افسانہ سرائے فکر یں گفت   زالماسِ زباں گہر چنیں سفت

کاں گوشہ نشینِ روئے بستہ   بودے ہمہ وقت دل شکستہ

چوں غمزدگاں بہ خاک خفتے   خاشاک زخوابگہ نرفتے

گاہے زجگر نوالہ کردے   گہ جاں بہ عدم حوالہ کردے

آمیختنی نہ داشت باکس   مونس غمِ آشنائے خود بس

پرداختہ دل زصبر و آرام   گشتے ہمہ شب چو ماہ برباِم

ہنگامِ سحر زبختِ ناشاد   چوں ابر گریستے بہ فریاد

گفتے چو شبش دراز گشتے   با خود زفراق سرگذشتے

(لیلیٰ مجنوں کی خبر سنتی ہے)

گویندۂ ایں کہن فسانہ   زاں شعلہ چنیں کشد زبانہ

کاں شمعِ نہاں گداز شب خیز   پروانہ صفت برآتشِ تیز

چوں یافت خبر کہ یار برگشت   واندیشۂ دل قفائے سرگشت

روزے دو سہ در زخلق دربست   وز خونِ دلش زمیں جگر بست

نزدیک بمردن از دمِ سرد   نے رغبتِ خواب و نے غمِ خورد

آنرا کہ دل از شکیب فرسست   از شب تا روز یار در دست

او خود بغمِ عشق داشت درگاہ	شد با غمِ عشق غیرتش یار
کبکے کہ شکستہ بال باشد	شاہین زندش چہ حال باشد
بس کاندہ بسینہ شد فزونش	از دل بہ دہن رسید خونش

پردۂ ضبط میں جو آگ لیلیٰ کو پھونک رہی ہے اُس کے لحاظ سے "شمعِ نہاں گداز گیا" حسبِ حال و بلیغ ہے۔ شکستہ دلی و مایوسی کی حالت میں نکاحِ مجنوں کی خبر زخمِ کاری بن کر دل کو پارہ پارہ کرتی ہے۔ غیرتِ نسوانی صدمہ کو اور زیادہ جانکاہ بنا دیتی ہے۔ اس حالت کا بیان اس شعر میں ہے ؎

کبکے کہ شکستہ بال باشد

شاہین زندش چہ حال باشد

چکور (جو ایک بھولا بھالا پرند ہے) باز و شکستہ مبتلائے مصیبت ہے۔ ایسی حالت میں شاہین (شکاری جانور) اُس پر آ ٹوٹتا ہے اور زخم پر زخم لگاتا ہے۔ شکاری جانور اچانک اپنے شکار پر حملہ کرتے ہیں۔ اور دفعتہً جو صدمہ پہنچے وہ زیادہ سنگین ہوتا ہے۔ شکستہ خاطر بھولی بھالی لیلیٰ نے نکاحِ مجنوں کی خبر سُنی تو اسی طرح اُس کی جان پر بھی بن گئی۔ نکتۂ بلاغت، شکستہ بال چکور پر جو بےخبری میں حملۂ شاہین سے مصیبت پڑی اُس کی تشریح نہیں کی بلکہ "چہ حال باشد" کہکر پڑھنے والوں کے قیاس پر چھوڑ دیا کہ جہاں تک چاہیں اندازہ کو وسعت دے لیں۔ اَلکنایۃ ابلغ من الصراحۃ۔

(لیلیٰ بسترِ مرگ پر)

لیلیٰ کہ بہارِ عالمے بود — از چشمۂ زندگی نمے بود
آتش زدہ گشت نوبہارش — وز آب برفتہ چشمہ سارش
آں ریشِ کہن کہ در جگر داشت — جاں برد کہ سوئے جاں گزر داشت
آں دل کہ شدش بہ عشق پامال — جاں نیز رواں شدش بہ دنبال
آمیخت بہ سروِ نوجوانش — بیماریِ جسمِ ناتوانش
شعلہ ز تنش چناں بر آمد — کش دود ز استخواں برآمد
پہلو بہ کنارِ بستر آورد — سرو تنش اجل بہ سر در آورد
گشتش تنِ گوہریں سفالیں — وز بسترِ رنج ساخت بالیں
در آتشِ تب فتادہ نعلش — یاقوتِ کبود گشت لعلش
گیسو ز شکنجِ ناز ماندش — نرگس ز کرشمۂ ناز ماندش
شد تیرہ جمالِ صبح تابش — وافتادہ بہ زردی آفتابش
ہم رنجِ تن و ہم اندُہِ یار — یک جاں بدو غم شدہ گرفتار

تصویرِ فطرت

(بہار)

چوں نافہ گشاد بادِ نوروز — بشگفت بہارِ عالم افروز
ابر از صدفِ سپہر یکسر — در گوشِ بنفشہ ریخت گوہر
سرو از علمِ بلند پایہ — بر فرقِ سمن فگند سایہ
از شبنمِ گوہریں شمائل — آراست گلوئے گل حمائل

غنچہ بدر آمد از شبستاں　　　پر شیر شدش ز ابر پستاں
بید از سرِ خنجرِ گہردار　　　شد بر سرِ یاسمن گہربار [جوہر ۱۲]
نازک تنِ لالۂ دل افروز　　　لرزندہ شد از نسیمِ نوروز
با شاہد و می خجستہ تاباں　　　گشتند بسیرِ چمن خراماں

(خزاں)

آمد چو خزاں بہ غارتِ باغ　　　بنشست بجائے بلبلاں زاغ
رخسارۂ لالہ پر ز چیں گشت　　　آئینۂ آب آہنیں گشت
ہر غنچہ کہ جلوہ کرد گستاخ　　　در ریختن آمد از سرِ شاخ
پر برگ شدہ زمینِ گلزار　　　چوں مجلسِ مُکرباں ز دینار
ریزاں گل و لالہ شستہ در دست　　　مالیدہ حنا ز دست بر دست
ہر سوئے برہنہ گلستانے　　　چوں راہ فتادہ کاروانے
زآسیبِ طپانچہائے صرصر　　　غلطاں بہ زمیں شگوفۂ تر
منقارِ کلاغ بر سرِ گل　　　مقراض شدہ بہ پرِ بلبل
شیرازۂ گل گرہ کشادہ　　　بہ سو ورقے بروں فتادہ
ماندہ ہمہ غنچہائے خوشبوئے　　　از خندۂ شکریں ترش روئے
برگے کہ ز باد شد گریزاں　　　بر گوشہ دواں فتاں و خیزاں
نرگس کہ ز خواب چشم بستہ　　　از بانگِ زغن ز خواب جستہ

سوسن ز غبارِ سینہ پُر خار — کازادہ و باخساں سرو کار

رخسارۂ یاسمیں زمیں سائے — پیمانۂ لالہ بادپیمائے

در زلزلہ سرو راست خانہ — چوں مردم راست در زمانہ

نسریں بہ لبت زمانہ خوردن — ورشاخ بہ تازیانہ خوردن

گیسوئے بنفشہ خاک بوساں — چوں زلفِ خمیدۂ عروساں

درہم شدہ جعدِ سنبل از باد — شانہ طلب از درختِ شمشاد

لالہ کا رنگ بہار و خزاں دونوں میں دکھایا ہے۔ بہار کی بہار دیکھو ؎

نازک تنِ لالۂ دل افروز

لرزندہ شد از نسیم نوروز

وہی برگِ لالہ خزاں کے صدمے سے پژمردہ ہوکر پرشکن بن جاتا ہے۔ ع

رُخسارۂ لالہ پرزچیں گشت

خزاں کے ہاتھوں جو تباہی باغ پر پڑی اُس کی تشبیہ اُس کارواں سے جس کو قزاقوں نے ابھی ابھی لوٹا ہو کس قدر بلیغ ہی۔ ع

چوں راہ فتادہ کاروانے

خشک پتوں کو جو ہوا ادھر اُدھر اُڑاتی پھرتی ہی اُس کا تصور باندھکر اس مصرع کو مکرر پڑھو ع

ہر گوشہ دواں فتاں و خیزاں

خود کمد وگے کہ ہو بہو تصویر کھنچ گئی۔ "سرِ وراست" کے زلزلہ کی تشبیہ راست باز آدمیوں کی پریشان حالی سے جو زمانے کے ہاتھوں نصیب ہوتی ہے کیسی دلکش ہے۔

(دوپہر کی تپش)

یک روز بگاہِ نیم روزاں | کانجم شدہ زآفتاب سوزاں
جائے نہ کہ دیدہ راببرد خواب | ابرے نہ کہ تشنہ زاد ہر آب
مُرغانِ چمن خزیدہ در شاخ | دررفتہ خزندگاں بہ سُوراخ
خورشید چنانچہ تیزیِ اوست | بکشاد چو مار از آدمی پوست
در حوضہ خشک از آتش و تاب | صدپاں شدہ زمینِ بےآب
در دشت سرابہائے کیں توز | چوں وعدۂ سفلگاں جگر سوز
مرغابی درآرزوے آبے | خوں خوردہ بگردِ ہر سرابے
ریگ از بطِ پختہ در گرانی | چوں تابہ بروزِ میہمانی
از گرمیِ ریگہائے گرداں | پُر آبلہ پائے رہ نوردا‌ں
ہرکس بچنیں ہوائے ناخوش | در حجرۂ سر کردہ جاخوش

واقعہ نگاری | افسانہ نگاری کا کمال یہ ہے کہ فرضی قصہ اس انداز سے بیان ہو کہ واقعہ معلوم ہونے لگے۔ اس کے لئے شاعر کو فطرتِ انسانی اور واقعات کا کامل نبض شناس ہونا چاہیئے۔ جن شعرا کو یہ ملکہ حاصل تھا وہی اس میدان کو کامیابی سے طے کرسکے۔ مثنوی مجنوں لیلیٰ میں دو ماؤں کا ذکر ہے ایک مجنوں کی دوسری لیلیٰ کی۔

دونو مائیں اپنے اپنے لخت جگر کی رسوائی کا حال سنتی ہیں۔ مگر نازک فرق یہ ہے کہ ایک لڑکے کی رسوائی سنتی ہے دوسری لڑکی کی۔ ظاہر ہے کہ دونو کے فکر و رنج میں ایک لطیف تفاوت ہے۔ حضرت امیر خسرو اس فرق کو پیش نظر رکھکر دونو کا حال لکھتے ہیں۔ اسی طرح جس موقع پر مجنوں کا باپ اور اس کی ماں اپنے لخت جگر کو نصیحت کرتی ہے تو وہاں بھی اس نازک فرق کو ملحوظ رکھا ہے جو ایک ماں اور ایک باپ کے جذبات اور انداز فہمایش میں ہو سکتا ہے۔

(لیلیٰ کی ماں کو اس کی وارفتگی معلوم ہوتی ہے)

چوں رفت بگوشِ ہر کس ایں راز
وز ہر طرفے برآمد آواز

تا گشت ز گفتگوئے اوباش
برمادرِ لیلی ایں خبر فاش

مادر ز نہیبِ شرمِ اغیار
بنشست بگوشۂ دل افگار

زاں آتشِ دہ زبانہ ترسید
وز سرزنشِ زمانہ ترسید

فرزندِ خجستہ را نہانی
بنشاند ز راہ مہربانی

گفت اے دل و دیدہ مرا نور
از روئے تو باد چشمِ بد دور

دانی کہ جہاں فریبناک ست
آسودگیش غم و ہلاک ست

ہر کاسہ کہ خوانِ دہر دارد
پنہاں بنوالہ زہر دارد

ہر سرخ گلے کہ در بہارے ست
در دامنِ او نہفتہ خارے ست

تو سادہ مزاجی و تنک دل
وز نیک و بد زمانہ غافل

چوں اہلِ زمانہ را وفا نیست — زیشاں طلبِ وفا روا نیست
ہاں تا نکنی عنانِ دل سست — کافتادہ خلاص چوں توان جست
القصہ شنیدہ ام کہ جائے — داری نظرے بر آشنائے
ترسم کہ چو گرد دایں خبر فاش — بدنام شوی میانِ اوباش
با ایں تنِ پاک و گوہرِ پاک — آلودہ چرا شوی بہ خاک
جائے منشیں کہ چوں نہی پاے — تہمت زدہ خیزی از چناں پاے
صوفی کہ شود بہ مجلسِ مے — البتہ چکد پیالہ بروے
عشق ارچہ بود بہ صدق و پاکی — خالی نہ بود ز شرمناکی
گردم نہ زنند کاردانان — چوں باز رہی ز بدگمانان

(مجنوں کی ما)

در پیش نشست و زار بگریست — گفتا کہ بہ است مرگ ازیں زیست
تا زادہ شد از عدم وجودم — رنجے ز جہاں نیازمودم
دولت ہمہ عمر آنچناں داشت — کز اندہِ دہر بر کراں داشت
آزادم داشت بختِ فیروز — ز آسیبِ زمانہ تا بامروز
واکنوں کہ دمید صبحِ پیری — کافوری گشت مشک قیری
بالائے چو تیر شد کمانم — و آمد بہ تزلزل استخوانم
مپسند کہ در چنیں زمانے — سوزد بغمت گسستہ جانے

مردانہ برآر پائے از گل — بندی بجدائے خویشتن دل
تا بو کہ بصبرِ فرخ انجام — از کام روا برآیدت کام
ما ہم زپیت چنانکہ دانیم — جہدے بکنیم تا توانیم

(مجنوں کا باپ)

پیر از جگرِ کباب گشتہ — رخ شستہ بہ خونِ آب گشتہ
بگریست بروبہ خستہ جانی — بوسید سرش بہ مہربانی
میسوخت بزاری از گزندش — میداد ز سوزِ سینہ پندش
کاے شمعِ دل و چراغِ دیدہ — وے میوۂ جان و باغِ دیدہ
با آں خردے کہ داشت ایت — چوں در وحل اوفتاد پایت
دردِ کہ نہاد بر تو ایں بار — سودائے کہ کرد با تو ایں کار
پیرانہ سرم گزاشتی چہر — بر پیریِ من نیامدت مہر
بودم بگماں کہ گاہِ پیری — مونس شویم بدست گیری
چوں بشکند ایں تنِ سفالیں — غمخوار تو باشیم بہ بالیں
خود گشت دریں سفالِ پُر درد — پیش از تنِ من سفالِ تو خورد
دریاب کہ عمرِ ما سر آمد — طوفانِ اجل بسر در آمد
جنبید ورائے کاروانم — ہودج طلبید ساربانم
بگسست زہِ کمانِ سختم — وز زلزلہ سست شد درختم

گر چوں خلفاں شوی جگر سوز   باشد خلف از برائے ایں روز
بشتاب کہ تا دریں غم آباد   پیش از اجلم رسی بہ فریاد
زیں پیش کہ بہ جستنم شتابی   جویم ہمہ بے و لے نیابی
نقدِ تو ہماں بود کہ خنداں   بینی بہ جمالِ ارجمنداں
با وقتِ عزیز و عیشِ دلکش   یارانِ عزیز را کنی خوش
زیناں نفسے بہ جہل مشمر   عمرست نہ باد سہل مشمر
آں تحفہ کہ قیمت ست جانش   ضائع چہ کنی بہ رائگانش
سستی ست بہ بطلہ پست گشتن   وز جامِ بخت مست گشتن
گر واقعہ چند سینہ سوز ست   مردی ز پئے کدام روز ست
زیں غم ہمہ گر مرا دیار ست   غم ہیچ مخور کہ در کنار ست
گر بر مہِ آسماں نہی ہوش   کوشم کہ رسانمت در آغوش

آپ نے تینوں نظمیں پڑھیں لیلیٰ کی ما   جیسے ہی لیلیٰ کے تعلقِ خاطر کا حال سنتی ہے رسوائی و بدنامی کے خیال سے جگر تھام لیتی ہے اور فرطِ صدمہ سے ایک گوشہ میں جا بیٹھتی ہے۔ بالآخر سنبھلتی اور لیلیٰ کو تنہائی میں سمجھاتی ہے۔ شرم غیرت کے جذبات کو ابھار کے اور بدنامی و رسوائی سے خوف دلا کر اُس کا خیال بدل دینے کی کوشش کرتی ہے۔ یہ بھی سمجھاتی ہے کہ ابنائے زمانہ بیوفا ہیں دھوکا نہ کھانا چاہیئے صنفِ نازک کے خیال میں مرد ایک خودغرض مخلوق ہے۔ اسی کی جھلک اس نصیحت میں ہے۔ ابتدائے

محبت میں عموماً اپنی پاک بازی پر بھروسہ اور یہ گمان ہوتا ہی کہ ہم پاک باز ہیں تو ہم کو کوئی بُرا کہنے کا کیا حق رکھتا ہی۔ لیلیٰ کی ماں اس خیال کی بھی تردید کرتی ہو ؎

صوفی کہ رود بہ مجلس مے

البستہ چکد پیالہ بروے

بالآخر بقیہ شبہ بھی رفع کردیتی ہی ؎

گردم نہ زنند کاروانان

چون بازرہی ز بدگمانان

اہلِ خرد بدنام کرنے سے احتیاط بھی کریں تو بدگمانوں سے کب پناہ مل سکتی ہی۔ غالباً ایسے موقع پر اس سے بہتر نصیحت کا پیرایہ نہیں ہوسکتا۔

مجنوں کی ما ا پنے فرزند کی گرفتاری کا حال سُن کر اُس کو اس پیرایہ میں سمجھاتی ہی کہ اب تک میں آرام سے رہی ہوں اب مجھکو صدمۂ جانکاہ مت دے۔ پھر اُس کو مردانہ ہمت یاد دلا کر ضبط و صبر کی جانب رہنمائی کرتی اور بالآخر حصول مدعا میں حتی الامکان کوشش کی تسلّی دیتی ہے۔ مجنوں کا باپ بھی یہی نصیحت کرتا ہی مگر مردانہ لہجہ و انداز میں وہ کہتا ہی کہ اولاد بڑھاپے کا سہارا ہوتی ہی۔ مجھکو بھروسہ تھا کہ پیری کے وقت تو میری دست گیری و ہمدردی کرے گا مگر تو خود ہمدردی و دست گیری کا محتاج ہی۔ پھر اپنے بڑھاپے پر اُس کو رحم دلانے کی کوشش کرتا ہی۔ دوست احباب کے جلسے یاد دلا کر اُس طرف طبیعت کو مائل کرتا ہی۔ عمر کے گرانمایہ ہونے

اور بیکار نہ کھونے کا فلسفہ سمجھاتا ہے۔ اور اُس کی دانشمندی سے اپیل کرتا ہے۔ ع

باآں خردے کہ داشت رستے

پھر مردانہ جذبات کو تحریک میں لاکر صبر وضبط کی تلقین کرتا ہے۔ بالآخر یہ کہتا ہے کہ کچھ بھی ہو اُس کا دامنِ مقصود بھر دیا جائے گا۔

دیکھو ما اپنی ضعیفی و بیکسی اس طرح بیان کرتی ہے؛

واکنوں کہ دمید صبحِ پیری — کافوری گشت زلفِ قیری
بالائے چو تیر شد کمانم — وآمد بتزلزل اُستخوانم
مپند کہ درچنیں زمانے — سوزد بغمت گسستہ جانے

باپ بڑھاپے اور ناتوانی کا یوں اظہار کرتا ہے؛

دریاب کہ عمرِ ما سرآمد — طوفانِ اجل بسر درآمد
جنبید درائے کاروانم — بودج طلبید ساربانم
بگسست زہِ کمانِ سختم — وز زلزلہ سست شد درختم
گرچوں خلفاں شوی جگرسوز — باشد خلف از برائے ایں روز

ان دو شعروں کا مقابلہ کرو، زنانہ عجز اور مردانہ قوت کا پتا لگے گا:

ماں { بالائے چو تیر شد کمانم
وآمد بہ تزلزل اُستخوانم }

باپ { بگسست زہِ کمانِ سختم
وز زلزلہ سست شد درختم }

وعدہ کوشش کا فرق:

ما
ما ہم زیست چنانکہ دانیم
جہدے بکنیم تا توانیم

یعنی جہاں تک ہم سے ہو سکے گا کوشش کرینگے۔

باپ
زیں غم ہمہ گر مراد یار ست
غم ہیچ مخور کہ در کنار ست
گر بر مہ آسماں نہی ہوش
کوشم کہ رسانمت در آغوش

اپنا مقصود اپنے دامن میں آیا سمجھ۔ آسمان کا چاند بھی ہے تو اُس کو تیرے پاس لانے کی کوشش کروں گا۔

ایک اور واقعہ کی تصویر۔ مجنوں جوشِ جنوں میں سرگرداں ہے مخلوق کا پیچھے ہجوم ہے۔ دیوانوں کے اُستاد لڑکے بھی سرگرم ضیافت ہیں:

میرفت چو باد کوہ بر کوہ ... خلقے ز پیش دواں بانبوہ
ہر کس بہ لطافت جوانیش ... میخورد فسوس زندگانیش
اینش زدرونہ پند می داد ... دانش بہ جفا گزند می داد
طفلاں بہ نظارہ سنگ در دست ... اینش زدو آں شکست داد و خست

باوجود اس جور و جفا کے مجنوں کا کیا حال تھا:

باآں شیفتۂ کہ در گزر بود | دیوانہ ز خویش بے خبر بود
میراند ز آبِ دیدہ روئے | می گفت چو بلبلاں سروئے

زیادہ تشریح کی حاجت نہیں۔ لڑکوں کے سارے طوفان بے تمیزی کا نقشہ اس ایک مصرع میں کھینچ کر دریا کوزہ میں بند کر دیا ہے۔ ع

امیش زدو آں شکست داوست

چوٹ کی یہ تین ہی قسمیں ہو سکتی ہیں خفیف، شدید، مہلک۔

ایک اور واقعہ نگاری: بعدِ دعوت مجنوں کا پیام شادی دیا گیا۔ اس کو سن کر لیلیٰ کے باپ کا حال اور جواب،

ایں قصہ کہ کرد میزباں گوش | از بس خجلی بماند خاموش
بر خود قدرے چو مار پیچید | وانگہ بجواب دُر بسنجید
گفتا چہ کنم کہ میہمانی | ورنہ کنم آں سزا کہ دانی
ہر نکتہ کزاں کسے برنجد | رنجیدہ شود کسے کہ سنجد
شخصے کہ زنقشِ نا سرانجام | مارا بقبیلہ کرد بدنام
دیوانہ دست و لاابالی | وز مردمیِ زمانہ خالی
از بے ننگی فتاد در ننگ | از بے ننگی بہ خوردنِ سنگ
خلق از خبرش بہ کوچہ و در | انگشت بہ گوش و دست بر سر
زیں گونہ حریفِ ناخردمند | درخورد کجا بود بہ پیوند

لڑکی کا پیام سن کر جو حجاب ہوتا ہے اُس کی تصویر۔ ع

ازبس خجلی بماند خاموش

مجنوں کی حالت کی وجہ سے پیام کی ناگواری۔ ع

برخود قدرے چو مار پیچید

یہ تین مضمون صاف کہہ رہے ہیں کہ یہ قصہ سرزمین عرب کا ہے:

ع گفتا چہ کنم کہ میہمانی

ع مارا بہ قبیلہ کرد بدنام

ے وانگہ بخدائِ خداوند

از صدقِ عقیدہ خورد سوگند

کیں در نشود کشودہ تا دیر

گر کار بزبان رسد بہ شمشیر

ایک بار لیلیٰ ناقہ پر سوار ہو کر مجنوں کے پاس گئی ہے۔ مجنوں کے ہمدم ہر قسم کے درندے تھے اس واقعہ کے بیان میں یہ پہلو امیر خسرو کے نکتہ سنج قلم سے فروگذاشت نہیں ہوتا کہ اونٹ درندوں سے ڈرتا ہے۔ لیلیٰ کا ناقہ درندوں کی بُو سونگھ کر رک جاتا ہے:

او خستہ دگر دد و ددانش (مجنوں)   شیرانِ شکار پاسبانش

از بوئے ددانِ صید فرسائے   از کار بشد جمازہ را پائے

اس ملاقات کی خوشی درندوں کے سوا کون مناتا۔

از عشرتِ آں دو مستِ بےجام ... در رقص درآمدہ دد و دام

کانٹے بھی حاضر ہیں ؎

ہر خار کشیدہ دُور باشے

می کرد بچشم بد خراشے

سحرِ حلال | شاعر کا اعلیٰ کمال یہ ہے کہ اُس کو یہ قدرت ہو کہ چاہے تو مخاطب کے دل میں ایک چیز سے نفرت پیدا کردے اور چاہے رغبت۔ دنیا میں کوئی چیز شر مطلق نہیں ہے کہ کوئی صفت اُس میں نہو۔ نہ خیر محض ہے (سوائے ذات باری تعالیٰ کے) کہ اُس میں کوئی بُرائی نہو۔ فطرت کا مصور (شاعر) ہر ایک شے کے اچھے بُرے پہلو دیکھتا اور اپنے سحر انگیز بیان کے زور سے رغبت دلانے یا نفرت پیدا کردینے کا کام لے لیتا ہے۔

حضرت امیر خسرو ایک موقع پر سگِ لیلیٰ کے ذکر میں یہ جادو بیانی دکھاتے ہیں۔ اوّل دیکھو کیسا گھناؤنا اور مکروہ صورت کتا ہے۔

(مجنوں پھرتے پھرتے ایک موقع پر پہنچتا ہے)

دید از طرفِ گذر بسوئے ... غلطیدہ سگے بہ کنجِ کوئے

خارش زدہ و خراش خوردہ ... واز پہلوئے خود تراش خوردہ

درگرد سرش چو فرقِ نقاب ... وز سلخ تنش چو پیشِ قصاب

خم یافتہ در تہی تنش راہ ... گشتہ شکمش ہمہ تہی گاہ

از دم دہنش فراز ماندہ — دندانش زخندہ باز ماندہ

سرتا قدمش جراحت و ریش — شویاں بزباں جراحتِ خویش

بے لقمہ گلوئے لقمہ خوارش — لیسیدنِ دست و پائے کارش

گلی میں ایک خارشتی کتا پڑا ہوا ہی۔ خارش سے سارا جسم گھائل ہے پہلو میں زخم ہوگئے ہیں زخموں سے خون بہتا ہی۔ سر خاک میں گھسا ہوا ہی۔ منہ کھلے کا کھلا رہ گیا ہی کمر کبڑی ہوگئی ہی۔ بھوکوں کا مارا پیٹ کمر سے جا لگا ہے۔ سر سے پاؤں تک زخموں سے چور اور خون آلودہ زخموں کو زبان سے چاٹ رہا ہی۔ اس نفرت انگیز مخلوق کو مجنوں دیکھتا ہی۔

مجنوں چو بہ حالِ او نظر کرد — در پیش دوید و دیدہ تر کرد

بگرفت بہ رفق در کنارش — می شست بگریہائے زارش

جایش ز کلوخ و خار می رفت — وز پائے و سرش غبار می رفت

یہ مجنونانہ حرکت نہیں ہی۔ حق شناسی و حق پسندی کا جوش ہی۔ وجہ سنئے۔

گفت اے گہت از وفا سرشتہ — نقشت فلک از وفا نوشتہ

ہم نانِ کسان حلال خوردہ — ہم خوردۂ خود حلال کردہ

کردہ زنِ حلال خواری — با منعمِ خویشں حق گزاری

جانت ز حلال خوارگی مست — و آسودگیت حرام پیوست

پیکار پزیر پاسبانان — بیدار کنِ خراس بانان

از سایۂ تو رمیدہ نقاب　　چوں سایہ کہ وارمد زمہتاب
از خاستنِ شبِ سیاہت　　میموں شدہ خوابِ صبح گاہت
تو شیرِ جوان ومست بودہ　　وز شیر و پلنگ جاں ربودہ
معشوقۂ خسرواں بنجیمہ　　وافگندہ بدوش زلفِ زنجیر
صدخوں زلبت چکیدہ درخاک　　وزلوثِ جنایت دہن پاک
امروز کہ بازماندی ازکار　　خواری ہمہ سامرانہ خوار

مجنوں کہتا ہے اے کتے وفا تیری گھٹی میں پڑی ہے۔ حلال کی کمائی تو کھاتا ہے۔ اپنے محسن کا حقِ خدمت و وفاداری پورا کرتا ہے۔ اُس کی جان و مال کی حفاظت پر اپنا آرام قربان کر دیتا ہے۔ جو پاسبان اپنی خدمت انجام دینے میں سستی کرتے ہیں اُن کا تو دشمن ہے۔ چور تیرے سایہ سے بھاگتے ہیں۔ رات بھر کی محنت کے بعد صبح کا تیرا سونا مبارک ہے۔ جب تو جوان تھا تو شیر و پلنگ تجھ سے کانپتے تھے۔ بادشاہوں کا معشوق تھا۔ دوش پر زنجیر کی زلف پڑی ہوتی تھی۔ ان اوصاف کو پڑھ کر فرمائیے کہ جس مخلوق میں یہ وصف ہوں اُس کی کون قدر نہ کرے۔ اس صفت کو دیکھیے

جانت زحلال خوارگی ہست
وآسودگیت حرام ہیست

جس انسان پر یہ شعر صادق آجائے وہ قدم چومنے کے قابل ہوگا۔ کتے کا یہ معمولی وصف ہے۔ مجنوں کے پیار کا فلسفہ اس سے بھی اعلیٰ ہے۔

پائے تو کہ گشت بر درِ یار　　بر چشمِ منش نہ ہست رفتار

از حسرتِ آنکہ چشمِ آں ماہ　　دیدہ است بہ جانبِ تو گہ گاہ

خواہم کزنگافم ایں دلِ تنگ　　دستے کشمت چو لعل درِ سنگ

خاکت بمژہ فشانم از پائے　　در دیدہ کشم کہ ہست از جائے

ہستیم من و تو ہر دو شب گرد　　لیکن تو بہ نالہ و من از درد

ایک شخص نے مجنوں کی اس سگ نوازی پر اعتراض کیا تو وہ جواب دیتا ہے:

گر من تہِ پائے سگ زنم بوس　　زاں پائے بود نہ زیں لبِ افسوس

ایں پا کہ بہ شہر و کوئے گشتہ است　　پیشِ درِ یارِ من گذشتہ است

روزیش بہ کوئے آں پری کیش　　دیدم گذراں بہ دیدۂ خویش

تعظیم ویم نہ از پئے اوست　　کش دوست گرفتم از پئے دوست

سوز و گداز

(مجنوں کا نالۂ مستانہ)

ما ہیچ کسانِ کوئے یاریم　　ما سوختگانِ خام کاریم

جائے نہ و با خضر ہم آبیم　　نورے نہ و یارِ آفتابیم

گر از خز و پرنیاں گدائیم　　در زیرِ گلیم بادشائیم

بے منتِ تاج سرفرازیم　　بے زحمتِ دیدہ عشق بازیم

جامہ ز پلاس پارہ دوزیم　　خانہ ز پئے نظاں سوزیم

گنجے ست غم اندرونِ سینہ　　ما راست کلیدِ آں خزینہ

جانم ز فراق بر لب آمد — می آئی یا برون خرامد

"خطاب بہ لیلیٰ"

گفتی کہ صبور شو بہ دُوری — دُوری ز تو وانگہے صبوری

بنمائے رُخِ چو یاسمینم — بنواز بہ شربتِ لبینم

تیغم بزن آستاں بکن پاک — مگذار کہ بر درت شوم خاک

آسودہ مباد جانم آں روز — کز دودِ غمت نباشدم سوز

گیرم خوش و شادماں تواں زیست — ہیہات کہ بے تو چوں تواں زیست

سیلابِ بلا بر آمد از فرق — کشتیم چہ سود چوں شدم غرق

بر سوزِ دلم کہ رستخیز است — انگشت منہ کہ شعلہ تیز است

ہر قطرۂ خوں بریں رُخِ زرد — پندار کہ چشمہ ایست از درد

مہرِ تو در استخوانِ من باد — دردِ تو دوائے جانِ من باد

(لیلیٰ کی زار نالی ویرانۂ عاشق سے مراجعت کے بعد)

بازم غمِ عشق در سر اُفتاد — بنیادِ صبوریم در اُفتاد

باز ایں دلِ خستہ دردِ نو کرد — خود را بو بالِ من گرو کرد

بازم بہوسے گرفت دامن — کز عقل نشاں نماند با من

باز ایں شبِ تیرہ جگر سوز — بربست بروئے من درِ روز

خوں موج درونہ بر سر آورد — طوفاں ز تنور سر بر آورد

دودے کہ ز شوق در بر اُفتاد — از سینہ گذشت و بر سر اُفتاد

طاقت برسید چند جوشم — آتش بدرونہ چند پوشم
گیرم کہ بود بہ پردہ جایم — در حجرۂ غم بروں نیایم
ایں خانہ شگاف نالۂ زار — پوشیدہ کجا شود بہ دیوار
آں راکہ درونہ چاک باشد — از پردہ دری چہ باک باشد
در مجلسِ عشق جام خوردن — وانگہ غمِ ننگ و نام خوردن
دستِ من و آستینِ یارم — گو خلق کنند سنگسارم
شوریدہ کہ غرقِ حال باشد — رسوا شدنش جمال باشد
ہر کبک دری بہ تیز گامی — بر لالہ و گل بہ خوش خرامی
مسکیں منِ مستمندِ دل تنگ — مجبورِ بلا چو لعل در سنگ
اے دوست کجے منی و با من — آتش زدہ یا تو ئی و یا من
زارم ز غمت عظیم زارم — دستے کہ ز دست رفت کارم
گر کرد زمانہ بے وفائی — بارے تو مکن کہ آشنائی
ما نطعِ حیات در نوشتیم — تو دیر بزی کہ ما گذشتیم

حقائق و معارف | مجنوں لیلیٰ اگرچہ ایک عشقیہ داستان ہے لیکن امیر خسرو کی دقیقہ سنجی نے جا بجا اس میں ایسے معارف درج کر دیئے ہیں جو ایک کامیاب زندگی اور رفعتِ مرتبہ کے واسطے دستور العمل بن سکتے ہیں۔

(کمال انسانی ہمتِ عالی پر منحصر ہے)

لیکن نبود حیاتِ جاوید — تا سر نکشی بہ ماہ و خورشید

وان راست باوجِ آسماں سر — کز جوہرِ علم یافت افسر

(علم سطحی وسرسری نہو بلکہ عمیق وکامل ہونا چاہیے)

آں نیست نشانِ علمِ والا — کز خلق بری بہ حیلہ کالا

علم آں باشد کہ دل کند پاک — نے زرقِ مزوّرانِ چالاک

آں تختہ درست کن بہ تکرار — تا آگہ شوی از نہایتِ کار

(مرد بننے کی کوشش کرنی چاہیے)

چوں مرد بگرد مردمی گرد — نے ہمچو بخیلِ ناجوانمرد

سرمایۂ مردمی مکن کم — کز مردمی ست قدرِ مردم

(دوست اور دوستی)

تا پا نہ نہی بہ دستیاری — از دوست مخواہ دوستداری

یارے کہ بجاں نیازمائی — در کارِ خودش مدہ روائی

صد یار بود بہ نان شکے نیست — چوں کار بجاں فتد یکے نیست

(آسودگیِ دل کا راز)

خواہی کہ نگردی آرزومند — می باش بہرچہ ہست خورسند

پویاں حریص ہسے زردست — خورسندیِ دل صلاحِ مرد ست

(عزت ہمت کا ثمر ہے)

خواہی شرف و بزرگواری — میکوش بہمتے کہ داری

کاں تن کہ بہتے سرشتہ است — مردم نگری ولے فرشتہ است
فی الجملہ بہر چہ دست یابی — ہمت چو قوی بود برآئی

(سب سے اصول کام بیکاری سے بدتر ہے)

بے بہرہ کہ کار کردنش خوست — بیکار ترینِ مرد ماں اوست

(سستی ارادہ کو بھی سست کر دیتی ہے)

آں خواجہ کہ کاہلست خویش — کاہل ترا زوست آرزویش

(جو کام کرو کوشش کے ساتھ کرو)

ہر گہ کہ علم شدی بہ کارے — درغایتِ آں بکوش بارے

(تھوڑی اچھی چیز بہت سی بری سے بہتر ہے)

یک شاخ کہ میوہ دہد تر — بہتر ز ہزار باغ بے بر
یک بلبلِ خوش نوائے دلکش — بہتر ز دو صد کلاغ ناخوش

(اچھا لکھو اگرچہ تھوڑا ہو)

آں بہ کہ چو نکتہ سگالی — حرفے نبود ز نکتہ خالی
نے چوں حبشی کہ از تباہی — نورے نہ دو عالم سیاہی

جو لوگ بے معنی دفتر سیاہ کرتے ہیں اُن کی تحریروں کی تشبیہ حبشی سے کیا خوب ہی۔ ع

نورے نہ دو عالم سیاہی

حفظِ مراتب

امیر خسرو کو دقیقہ سنجی و واقعہ نگاری کا جو ملکہ مبدءِ فیاض سے عطا ہوا تھا اُس کی جانب ہم اوپر اشارہ کر چکے ہیں۔ اسی صفت کا اثر ہے کہ اُن کے کلام میں حفظِ مراتب کا پہلو نمایاں ہے اور اُن کا قلم کبھی دائرۂ اعتدال سے باہر نہیں جاتا۔ سب سے زیادہ لغزش گاہ پیر کی مدح ہے۔ زورِ مبالغہ کبھی حدِ رسالت سے ٹکرا دیتا ہے اور کبھی سدِ الوہیت سے۔ حضرت سلطان المشائخ نظام الدین اولیا محبوب الٰہی قدس سرہ کے ساتھ جو جوشِ عقیدت امیر خسرو کو تھا اور جو شفقت حضرت کو اُن کے حال پر تھی وہ یادگارِ زمانہ ہے۔ تاہم مدحِ مرشد میں پورا لحاظ حفظِ مرتبہ کا رکھا ہے۔ اور ایک لفظ قلم سے ایسا نہیں نکلا جو اس دائرہ سے باہر ہو۔ مع ہذا پیر کی مدح میں ذرہ برابر کمی نہیں کی۔ غالباً یہ مدح نمونۂ مدح کہی جا سکتی ہے۔

چوں گوہرِ مدحِ خواجہ سفتم — از غیب شنیدم آنچہ گفتم
اکنوں قدرے دُرِ معانی — ریزم بسرِ جنیدِ ثانی
قطبِ زمن و پناہِ ایماں — سر جملۂ جملۂ کریماں
در شرعِ نظامِ دینِ احمدؐ — یعنی کہ نظامِ دیں محمدؐ
در حجرۂ فقر بادشاہے — در عالمِ دل جہاں پناہے
بر خاک ز رحمت آسمانے — بر چرخ ز دولت آستانے
بر مہ ز گلیم بُردہ رایت — سلطانِ ممالکِ ولایت
شاہنشہِ بے سریر و بے تاج — شاہانش بخاکِ پائے محتاج

در پردۂ غیب محرم راز — وز راز سپہر کیسہ پرداز
در عالم وحدت ایستادہ — بر ہر دو جہاں قدم نہادہ
از خواجگی آستیں کشیدہ — در پایۂ بندگی رسیدہ
بیناتر جملہ پاک بیناں — بیدار ترین شب نشیناں
ہر شب کہ رود بدیں کہن بام — بر فرش فرشتگاں زند گام
در پیش دوند جملہ مشتاق — گویند بہ عرش قم علی الساق
مسند ز سپہر برترش باد — خسرو چو سگاں چاکرش باد

تشبیہ شاعری کے کمالات میں سے خوبی تشبیہ بھی ہے۔ تشبیہ کا حسن یہ ہے کہ واضح ہو اور بدیع یعنی جس کی تشبیہ ہو اُس کا پورا نقشہ کھینچے۔ اسی کے ساتھ ندرت کا پہلو لئے ہوئے ہو۔ امیر خسرو نے مجنوں لیلیٰ میں بہت سی نادر تشبیہیں پیدا کی ہیں بعض نمونے اوپر درج ہو چکے ہیں۔ چند اب لکھے جاتے ہیں۔ جانباز دلاور جب میدان میں حملہ آور ہوتا ہے تو اس پھرتی اور چابک دستی سے ہر سمت حملہ کرتا ہے کہ اس کی تلوار شعلۂ جوالہ بن جاتی ہے۔ دیکھنے والوں کو یہ معلوم ہوتا ہے کہ ایک ہی وقت میں چاروں طرف ہاتھ مار رہا ہے۔ امیر خسرو اپنے بھائی کے ہنروں کا بیان فرماتے ہیں:

رو از ہمہ سو برزم چوں تیغ
تیغ از ہمہ رو چو برق در میغ

علاوہ خوبی تشبیہ دونوں مصرعوں کا تقابل اور تیغ کی الٹ پلٹ قابل داد ہے۔